# 23-03-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلی ریونت ریڈی نے کہا کہ موسیٰ ندی کے متاثرین کے ساتھ انصاف کیا جائے گا۔انہیں ہر حال میں تحفظ فراہم کیا جائے گا۔

۲۔نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ سرکاری ملازمین کو مکمل بقیہ ادائیگی پر حکومت سنجیدہ ہے۔

۳۔ریاستی وزیرٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے آج حیدرآباد میں ایک پروگرام کے دوران وہان پورٹل کا افتتاح کیا۔

۴۔انتخابات سے قبل کانگریس پارٹی کی جانب سے دی گئی چھ گیارنٹیوں پرعمل آوری کا بی آرایس نے مطالبہ کیا اور پرائیوٹ بل اسمبلی میں پیش کرنے کی اجازت طلب کی۔

CM Musi

وزیراعلی ریونت ریڈی نے کہا کہ موسیٰ ندی کے متاثرین کے ساتھ انصاف کیا جائے گا۔انہیں ہر حال میں تحفظ فراہم کیا جائے گا۔اسمبلی میں اپنے خطاب کے دوران وزیراعلی ریونت ریڈی نے کہا کہ موسیٰ ندی کے متاثرین کو تعلیم ۔صحت اور دیگر سہولیات فراہم کی جائے گی ۔انہوں نے کہا کہ بہت سارے لوگ متاثرین کے جذبات سے کھلواڑ کررہے ہیں۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ شہر کی ترقی سے متعلق ان کے پاس منصوبہ ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی کو لے کرعوام کو ہرممکنہ سہولیات فراہم کی جائے گی اورشہر حیدرآباد کی روپ ریکھا بدلنے کیلئے کیور، پیور اور ریئر ماڈل پرعمل کیا جارہا ہے۔

Sound Byte CM Musi

Dy CM Employees

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ سرکاری ملازمین کو بقیہ ادائیگی ہر مہینہ کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمین کو ہر ماہ 700 کروڑ روپے بقیہ ادا کیا جاتا ہے۔ ہم نے اس رقم کو بڑھا کر ایک ہزار کروڑ روپے کر دیا ہے تا کہ ملازمین کا بقیہ جلد ادا ہو سکے۔ کیاش لیس ہیلتھ کارڈ جاری کرنے، زیرالتوا بلوں کی ادائیگی اور ایک کروڑ 25 لاکھ انشورنس جیسے اہم فیصلے لئے گئے ہیں۔ نائب وزیراعلیٰ نے کہا کہ پی آر سی سے متعلق بہت جلد فیصلہ لیا جائے گا۔ زیرالتوا رقومات کی ادائیگی کیلئے حکومت سنجیدہ ہے۔

CM Insurance

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے محکمہ بجلی میں خدمات انجام دینے کے دوران اپنے جان کی بازی ہارنے والے ملازمین کے اہل خانہ کو ایک کروڑ روپے کے چکس حوالہ کئے۔ محکمہ بجلی کے وزیر بھٹی وکرامارکہ نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ راجیو آروگیا شری کی رقم کو پانچ لاکھ روپے سے بڑھا کر دس لاکھ روپے کر دیا گیا ہے۔ یہ بہت خوشی کی بات ہے۔

Poonam - Vahan Portal

ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے آج حیدرآباد میں ایک پروگرام کے دوران وہان پورٹل کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ اِس پورٹل میں گاڑیوں کی تمام تفصیلات موجود رہے گی اور یہ ون نیشن ڈیٹا بیس پر مشتمل رہے گا۔ اِس پورٹل کے ذریعہ مزید سہولیات فراہم کی جائے گی۔ پونم پربھاکر نے کہا کہ شورومس میں ہی گاڑیوں کے رجسٹریشن کرنے سے متعلق غور کیا جارہا ہے۔ واضح رہے کہ اب دوسری گاڑی خریدنے پر دو فیصد اضافی ٹیکس عائد کیا گیا تھا جسے برخواست

کر دیا گیا ہے۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ ریاست بھر میں پندرہ چک پوسٹ برخواست کر دئے گئے ہیں۔ ای وی پالیسی، اسکراپ پالیسی کو لاگو کیا گیا ہے۔

BRS - Private Bill

انتخابات سے قبل کانگریس پارٹی کی جانب سے دی گئی چھ گیارنٹیوں پر عمل آوری کا بی آر ایس نے مطالبہ کیا ہے۔ اِس سلسلہ میں بی آر ایس پارٹی نے اسمبلی میں ایک پرائیوٹ بل بھی پیش کیا اور بی آر ایس کے ارکانِ اسمبلی نے سکریٹری کو ایک نوٹس بھی حوالہ کیا۔ ساتھ ہی ساتھ بل سے متعلق اسپیکر گڈم پرساد کو تفصیلات فراہم کی گئی اور بل کو اجلاس میں پیش کرنے کیلئے اجازت طلب کی۔

M Nagar - Saras Mela

دستکاروں کو ہر ممکنہ سہولت فراہم کی جائے گی۔ ضرورت پڑنے پر انہیں تمام طرح کی سہولتیں مہیا دی جائے گی۔ ضلع کلکٹر خوشبو گپتا نے یہ بات کہی۔ انہوں نے آج ڈپٹی میئر سریندر ریڈی کے ساتھ مل کر نبارڈ کے ساتھ مل کر شروع کئے گئے منی سارس میلہ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ضلع کلکٹر نے کہا کہ خواتین کو خود مکتفی بنانے کیلئے اس میلہ کو شروع کیا گیا ہے۔ یہ میلہ خواتین کو خود مکتفی بنائے گی۔

Sound Byte

Dr. H.S. JAT - ICAR

ملک میں مکئی کی پیداوار اور برآمدات کو بڑھانے کیلئے ہر ممکنہ اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ لودھیانہ میں آئی سی ایم آر اور آئی آئی ایم آر کے فاؤنڈر ڈاکٹر ایچ سی جاٹ نے یہ بات کہی۔ لودھیانہ میں منعقدہ ایک اجلاس میں انہوں نے شرکت کی اور مکئی کی پیداوار اور برآمدات

بڑھانے پر زور دیا۔ انھوں نے کہا کہ مختلف صنعتوں کی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے سال 2030ء تک تقریباً 70 ملین ٹن مکئی کی ضرورت ہے۔ 25-2024ء میں مکئی کی پیداور 43.41 ملین ٹن تک پہنچ گئی ہے۔ ملک میں بڑھتی ہوئی صنعتوں کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ اہم فیصلے لئے گئے ہیں۔

K. Gudem - Rythu Mela

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے راماورم کرشی وگیان کیندر میں کسان میلہ کا کلکٹر انکت نے افتتاح کیا۔ اس موقع پر ضلع کلکٹر نے کہا کہ فصلوں کی تبدیلی کے طریقہ پر عمل کرنے سے زمین کو تحفظ فراہم ہوگا اور ساتھ ہی فصل میں بھی اضافہ ہوگا۔ روایتی کاشتکاری اور تجارتی فصل پر توجہ دینے کا ضلع کلکٹر نے کسانوں کو مشورہ دیا۔

Kamareddy - Water

مستقبل میں پانی کے سنگین مسائل کا مقابلہ کرنے کا واحد راستہ پانی کا تحفظ ہے اور یہ ذمہ داری ہر شخص پر عائد ہوتی ہے۔ ضلع نظام آباد کے محکمہ آبپاشی کے سکریٹری پی سرینواس بابو نے یہ بات کہی۔ عالمی یوم آب کے موقع پر ڈچپلی منڈل کے ناڑی پلی میں کسانوں کے اجلاس میں واٹر اینڈ جنڈر کے عنوان پر منعقدہ شعور بیداری پروگرام میں انہوں نے شرکت کی۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ ہر گھر کو چاہئے کہ وہ اپنے آس پاس میں زیر زمین پانی میں اضافہ کیلئے گڈھے کھودیں اور پانی کا تحفظ کریں۔ اس طرح کے اقدامات کرنے سے مستقبل میں پانی کی کمی کے مسائل سے چھٹکارا مل سکتا ہے۔

Sanna Biyyam

ریاستی وزیراتم کمار ریڈی نے کہا کہ سونا مسوری دھان پر بونس دینے کیلئے حکومت سنجیدہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ دھان کی خریدای میں بی آر ایس کے دورحکومت میں بڑے پیمانے پر دھاندلیاں ہوئی ہیں اور بی آر ایس دورحکومت میں ہونے والی بدعنوانی کی جانچ کرنے کی ضرورت ہے۔ آج اسمبلی میں اپنے خطاب کے دوران کہا کہ حکومت کسانوں کی فلاح و بہبود کیلئے سنجیدہ ہے۔ ریاستی وزیراتم کمار ریڈی نے کہا کہ حکومت نے کسانوں سے ریکارڈ سطح پر دھان کی خریداری کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ 72 لاکھ ٹن دھان خریدی گئی ہے اور جس کی رقم کسانوں کو ادا کردی گئی ہے۔ ربیع فصل کے دوران بھی کسانوں سے ہر دانا خریدا جائے گا۔

Konda Surekha

محکمہ جنگلات کی وزیر کونڈا سریکھا نے کہا کہ جنگلات کا تحفظ ہر شہری کی ذمہ داری ہے۔ دولا پلی، تلنگانہ جنگلات اکیڈیمی میں منعقدہ عالمی یوم جنگلات کے موقع پر منعقدہ پروگرام میں مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کی۔ انھوں نے کہا کہ ہوا، پانی، غذا کا دارومدار جنگلات پر منحصر ہے اور اس کی حفاظت ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ بڑھتے شہری علاقوں اور صنعتوں میں اضافہ کی وجہ سے جنگلات کا رقبہ کم ہوتا جارہا ہے۔ جس کی وجہ سے ماحولیات میں تبدیلی، پانی کی قلت جیسے مسائل بڑھ گئے ہیں۔ انھوں نے ہر گھر میں کم سے کم ایک درخت لگانے کی ہدایت دی۔

Jupally Krishna Rao

ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے کہا کہ ریاست میں شراب کی فروخت سے حاصل ہونے والی آمدنی میں کمی آئی ہے۔ اسمبلی میں اپنے خطاب کے دوران انھوں نے یہ بات کہی۔ انھوں نے

کہا کہ بی آر ایس کے دور حکومت میں تلنگانہ ایکسائز کی آمدنی 36 ہزار کروڑ تھی۔ پچھلے دو سالوں کے دوران دو ہزار کروڑ کی آمدنی کم ہوگئی ہے۔ ریاست میں شراب کی فروخت سے ہونے والی آمدنی میں کمی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ علیحدہ تلنگانہ ریاست کے قیام سے ایکسائز کی آمدنی دس کروڑ سے کم ہی تھی۔ سابق وزیر ہریش راؤ نے کہا کہ بی آر ایس دور میں ایکسائز کی سالانہ آمدنی دو ہزار پانچ سو کروڑ روپے تھی۔

○○